www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



# تبصرۂ کتب

تبصرہ :۔ مولانا سعید مجتبیٰ السعیدی

نام کتاب ــــــــ مقامِ صحابہؓ (شیعہ مذہب کی کُتب کی روشنی میں)

مؤلف ــــــــ مولانا حکیم فیض عالم صدیقی مرحوم

صفحات ــــــــ ۱۲۶

قیمت ــــــــ ۱۸ روپے

ناشر ــــــــ مکتبہ فیض القرآن، محلہ ستریاں، جہلم

مرحوم حکیم مولانا فیض عالم صدیقیؒ ہماری جماعت کے صاحب علم و قلم بزرگ گزرے ہیں۔ انہوں نے شیعہ مذہب کی جملہ کُتب کو کنگھالا ہوا تھا اور شیعہ مذہب پر علمی و تحقیقی انداز میں سخت تنقید کیا کرتے تھے۔

صحابہ کرامؓ کا بلند مرتبہ ہونا صرف اہلِ سنت کے نزدیک ہی نہیں بلکہ شیعہ اکابر کے ہاں بھی مسلّم ہے اور ان کی کُتب اس پر شاہد ہیں۔

اس کتاب میں مصنف نے مشہور و معتبر شیعہ کُتب سے امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق، عمر فاروق اور عثمان غنی رضی اللہ عنہم کے مناقب ذکر کئے ہیں اور بدلائل ثابت کیا ہے کہ خلفائے ثلاثہ سے حضرت علیؓ کے گہرے مراسم اور تعلقات تھے۔ اسی لئے حضرت علیؓ نے اپنی دخترِ ام کلثوم کا نکاح حضرت عمرؓ سے کر دیا تھا۔

ایسے ہی جملہ صحابہ خصوصاً خلفائے ثلاثہ کے بارے میں حضرت علیؓ کے اقوال بھی ذکر کئے ہیں۔

مشہور شیعہ کتاب "مَنْ لَا يَحْضُرُهُ الْفَقِيْهُ" کے حوالہ سے لکھا ہے کہ "عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہِ" کے الفاظ اذان کا حصہ نہیں، جو شخص ان کلمات کو جزوِ اذان سمجھ کر اذان میں کہے اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔

اس قسم کے کئی حوالہ جات سے کتاب مزین ہے۔ اس لئے یہ کتاب اصحاب علم و تحقیق کے لئے خاصی مفید اور معاون ہے۔ اربابِ ذوق اسے حاصل کر کے استفادہ کریں۔

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ